کے بعد "سبد چین" کے نام سے اپنے وہ اشعار یکجا کئے جو کلیات میں درج ہونے سے رہ گئے یا اس کی طباعت کے بعد کہے گئے۔ ایک عرصہ تک "سبد چین" غالب کی آخری تالیف خیال کی جاتی رہی۔ مگر تحقیق و جستجو سے معلوم ہوا ہے کہ غالب کی آخری تالیف "سبد باغ دودر" ہے۔

"سبد باغ دودر" غالب کی نظم و نثر دونوں کا تتمہ ہے۔ یہ مخطوطہ وزیر الحسن عابدی کے کتب خانہ میں تھا۔ انہوں نے اس کا متن اورنٹیل کالج میگزین میں شائع کیا تھا۔ ماہر غالبیات جناب عرش رامپوری نے برسوں پہلے اس مخطوطہ کی تلخیص کی تھی۔ مگر اشاعت کی نوبت غالب صدی کے موقع پر پیدا ہوئی۔ آغاز میں بلند پایہ مقدمہ ہے۔ جس میں مخطوطہ کا جامع تعارف ہے۔ اسی طرح کتاب کے حواشی مختصر ہونے کے باوجود نہایت جاندار ہیں۔

سفید کاغذ اور ٹائپ کی طباعت کے باوجود اس رسالہ کی قیمت صرف ایک روپیہ ہے۔

ماہنامہ فاران۔ لندن | غالباً ظلمتکدۂ انگلستان میں اردو کا پہلا دینی ماہنامہ ہے جو عرصہ سے مادہ پرست مغربی دنیا میں اپنے علمی دینی اصلاحی مضامین سے اندھیروں میں اجالا کر رہا ہے۔ مضامین سنجیدہ، دعوتی اور پر خلوص ہوتے ہیں۔ ساتھ ہی حالات حاضرہ پر تبصرہ اور نئے حالات پر اسلامی نقطۂ نظر کی ترجمانی ہوتی ہے۔ باب الاستفتاء اور دیگر عنوانات کے تحت برصغیر کے مشاہیر علماء کے افادات بھی شائع ہوتے ہیں۔ یورپ میں رہنے والے اردو دان حضرات کیلئے تو اپنے آپ کو دین سے باخبر رکھنے کیلئے ایسی مطبوعات کا مطالعہ نہایت ضروری ہے۔ مشکلات کے باوجود کتابت و طباعت، کاغذ وغیرہ بھی نہایت معیاری ہیں۔ قیمت فی پرچہ ۱۳ پنس۔ سالانہ ڈیڑھ پونڈ۔ اور بیرون ملک کیلئے ہوائی ڈاک سے تین پونڈ ہے۔ پتہ:- ۹۔ وڈ ناک روڈ۔ لنڈن۔ این ۴-۳ جے ڈی۔

(سمیع الحق)

ماہنامہ
طوفان
ڈائجسٹ
نوشہرہ

ہر ماہ علمی ادبی — مضامین — دلچسپ حقائق۔ کہانیاں —
مسلسل ناول روح کا انتقام اور صبح کا ستارہ —
ہر گھر اور ہر لائبریری میں آپ اسے پڑھ سکتے ہیں۔ قیمت فی پرچہ
۷۵ پیسے — سالانہ چندہ سات روپے۔
چیف ایڈیٹر: نثار احمد خان — فون نمبر ۱۷۲

ماھنامہ طوفان ڈائجسٹ — لعل کرتی بازار — نوشہرہ کینٹ